SCAN TO VERIFY
LAW DEPARTMENT
GOVERNMENT OF SINDH
www.sindhlaws.gov.pk

سندھ آرڈیننس نمبر XII مجریہ 2001
SINDH ORDINANCE NO.XII OF 2001
سندھ مالیات (ترمیم) آرڈیننس، 2001
THE SINDH FINANCE (AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

فہرست (CONTENTS)

تمہید (Preamble)
دفعات (Sections)
1. مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement
2. 1994 کے سندھ مالیات ایکٹ نمبر XIII کی ترمیم
Amendment of Sindh Finance Act No.XIII of 1994
3. 1994 کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعات 9، اور 9-A کی تبدیلی
Substitution of section 9 and 9-A of Sindh Act XIII of 1994
4. توثیق
Validation
5. دائرہ اختیار پر پابندی
Jurisdiction barred

سندھ آرڈیننس نمبر XII مجریہ 2001
SINDH ORDINANCE NO.XII OF 2001
سندھ مالیات (ترمیم) آرڈیننس، 2001
THE SINDH FINANCE (AMENDMENT) ORDINANCE, 2001

[24 فروری 2001]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے مالیات ایکٹ 1994 میں ترمیم کی جائے گی تا کہ سندھ صوبے میں فضائی، یا سمندر کے رستے داخل ہونے والی یا باہر جانے والی اشیاء کی بہتر نمونے نقل و حرکت والےطریقہ کار میں اضافے اور ترقی کو خصوصی طور پر یقینی بنانے کے لئے ٹیکس لگایا جا سکے۔

جیسا کہ اس کے ذریعے مالیات ایکٹ 1994 میں ترمیم کی جائے گی تا کہ سندھ صوبے میں داخل ہونے والی یا باہر جانے والی اشیاء یا ملک سے باہر یا سمندری رستے داخل ہونے والی یا باہر جانے والی اشیاء کی بہتر نمونے و حرکت والے طریقہ کار میں اضافے اور ترقی کو خصوصی طور پر یقینی بنانے کے لئے ٹیکس لگانا ضروری ہوگیا؛

اور جیسا کہ صوبائی اسمبلی 14 اکتوبر 1999 والے اعلان کے تحت اور پروویزنل کانسٹیٹوشن آرڈر نمبر 1 کے مطابق معطل ہے؛

اور جیسا کہ سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ صورتحال میں فوری قدم اٹھانا ضروری ہے؛

لہذا اب اس لئے مندرجہ بالا اعلان اور پروویزنل کانسٹیٹوشن آرڈر کے ساتھ پڑھیں 1999 کے پروویزنل کانسٹیٹوشن (ترمیم) آرڈر نمبر 9 اور اس سلسلے میں ملے ہوئے تمام اختیارات کو بروئے کار لاتے ہوئے سندھ کا گورنر مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ فرماتا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

1. (1) اس آرڈیننس کو سندھ مالیات (ترمیم) آرڈیننس ، 2001 کہا جائے گا۔

(2) یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

1994 کے سندھ مالیات ایکٹ نمبر XIII کی ترمیم
Amendment of Sindh Finance Act No.XIII of 1994

1994 کے سندھ ایکٹ XIII کی دفعات 9، اور 9-A کی تبدیلی
Substitution of section 9 and 9-A of Sindh Act XIII of 1994

2. سندھ مالیات ایکٹ، 1994 میں دفعہ 9 کے لئے بشمول وضاحت کے اور دفعہ 9-A کے لئے مندرجہ ذیل کو متبادل بنایا جائے گا:

”9. ڈھانچے میں خاص اضافے اور ترقی پر ٹیکس۔

(1) سندھ صوبے میں داخل ہونے والی یا صوبے سے باہر جانے والی یا فضائی یا سمندر کے رستے ملک سے باہر جانے والی اشیاء کی بہتر اور محفوظ نمونے نقل و حرکت کے لئے انفرا اسٹرکچر کی خاص تشکیل اور ترقی کے لئے ایک ٹیکس لگایا اور وصول کیا جائے گا اور ایسے طریقے سے جیسا بیان کیا گیا ہو۔

توثیق
Validation

” وضاحت۔ اس دفعہ کے مقاصد کے لئے لفظ ”انفرا اسٹرکچر“ میں آ جاتے ہیں روڈ، گلیاں، پل اور چھوٹے پل راستوں میں لائٹس ، رستوں پر پودے سمندر کنارے عوامی پارک، عوام کی تفریح اور سہولت کے مقامات، کھانے پینے کے تاریخی مقامات، جنگلات، فشریز، ڈیلٹا کو محفوظ بنانے کے لئے جھیلیں، آبی جاندار، جنگلی جاندار اور ان سے منسلک علائقوں، پبلک اسکولز، ووکیشنل اور ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹرز اور پروجیکٹس، لائبریز، میوزیمز، اور اسی قسم کے ادارے جنھیں صوبے کی طرف سے دیکھ بھال اور مالی تعاون کیا جائے۔

اشیاء کی اچھی اور محفوظ نمونے نقل و حرکت کے لئے ٹریفک کا انتظام پبلک آرڈر، پولیس فورس، اشیاء کی حفاظت کے لئے گشت، اشیاء کے لگانے اور اتارنے کے اٹینڈز، پارکنگ کی جگہیں، مارکیٹیں، واٹر سپلائی، اسپتال، اور ڈسپینسریز اور ترقی، بہتری مرمت اور ایسے معاملات کا تحفظ وغیرہ شامل ہے۔

دائرہ اختیار پر پابندی
Jurisdiction barred

(2) ٹیکس میں حاصل ہونے والی رقم انفرا اسٹرکچر کی خاص مرمت اور ترقی کے لئے استعمال کی جائے گی اور ایسی دوسری متعلقہ سرگرمیوں کے لئے اس طریقے سے جیسے بیان کیا گیا ہو۔

3. جب تک کچھ کسی قانون، قواعد یا فیصلے حکم یا کسی عدالت کے فیصلے کے متضاد نہ ہو:

(i) اس آرڈیننس کے لاگو ہونے سے پہلے سندھ مالیات ایکٹ، 1994 کے مطابق عائد کیا گیا، تخمینہ لگایا اور وصول کیا گیا انفرا سٹرکچر فیس موثر نمونے عائد کی گئی، حساب کی گئی، لگائی اور وصول کی گئی سمجھی جائے گی۔

(ii) اس آرڈیننس کے لاگو ہونے سے پہلے سندھ مالیات ایکٹ، 1994 کی دفعہ 9 کے تحت کئے گئے کسی کام، اقدام لئے گئے، تخمینہ لگائے گئے اور کی گئی وصولی ، جاری کئے گئے حکم یا کچھ کرنے کے ارادے پر اور سندھ ڈیولپمنٹ اینڈ مینٹس آف انفرا اسٹرکچر فیس رولز، 1994 کے مطابق انفرا اسٹرکچر فیس کے سلسلے میں موثر نمونے ٹیکس کے سلسلے میں کئے گئے، لئے گئے، بنائے گئے یا منظور کئے سمجھے جائیں گے اور ہمیشہ ایسے ہی موثر سمجھے جائیں گے۔

4. اس آرڈیننس کی کوئی بھی گنجائش یا اس سلسلے میں لئے گئے کسی حکم پر کسی عدالت کے سامنے سوال نہیں اٹھایا جائے گا۔

نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔